## تربیت نومبایعین — بعض جماعتوں کی قابلِ تقلید مساعی

☆ ریجن Westfalen

جماعت Ahaus نے مجلس خدام الاحمدیہ جرمنی کے اجتماع سے قبل تمام نواحمدیوں کے گھروں پر جاکر دعوت دی اور البانین بلیٹن تقسیم کیا گیا۔38 البانین نواحمدی خدام نے مرکزی اجتماع میں شرکت کی لجنہ کے اجتماع کے موقع پر بھی 4 البانین خواتین نے شرکت کی ۔ ماہ جون میں اس ریجن کی دو جماعتوں Ahaus اور Borken نے مل کر البانین نواحمدیوں کا ایک روزہ سیمینار منعقد کیا جس میں جماعت Ahaus کے 5 احباب نے شرکت کی۔

جماعت Borken میں سے مجلس خدام الاحمدیہ جرمنی کے اجتماع کے موقع پر 2 عرب، 2 بنگالی اور ایک البانین نومبائع نے شرکت کی اور حضور انور کے روح پرور خطابات سننے کا شرف حاصل کیا۔ بفضل خدا تمام نواحمدیوں سے رابطہ ہے اور ان کو باقاعدگی سے بلیٹن تقسیم کیا جاتا ہے ایک البانین اور ایک بوسنین فیملی کو باقاعدہ قرآن پڑھایا جاتا ہے ۔ جون میں جماعت Ahaus کے ساتھ مل کر ایک روزہ سیمینار منعقد کیا گیا جس میں جماعت Borken کے چھ البانین احباب نے شرکت کی۔

جماعت Bocholt میں بھی ناصرات کے لئے ہفتہ میں ایک بار تربیتی کلاس منعقد کی جاتی ہے۔ جس میں 6 بچیاں شامل ہوتی ہیں جنہوں نے اللہ تعالیٰ کے فضل سے نماز یاد کرلی ہے۔

☆ ریجن Nordrhein

جماعت Iserlohn خدا کے فضل سے تبلیغ کے علاوہ نومبائعین کے ساتھ مسلسل رابطہ رکھے ہوئے ہے اور بہت سے البانین اور افریقن احباب کے ساتھ احباب کا اچھا رابطہ ہے ۔ 9 مئی کو ڈاکٹر محمد زکریا خانصاحب کے ساتھ البانین نواحمدیوں کی میٹنگ منعقد کی گئی جس میں انہوں نے بڑے شوق سے حصہ لیا اور مختلف سوالات کے ذریعہ اپنے علم میں اضافہ کیا۔ جماعت Iserlohn سے 33 البانین نواحمدی خدام نے مجلس خدام الاحمدیہ جرمنی کے اجتماع میں شرکت کی اور حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی ملاقات کا شرف حاصل کیا۔ اس جماعت میں ایک نہایت مخلص البانین احمدی مکرم فاضل سہیتی صاحب نے معلم بننے اور زندگی وقف کرنے کا ارادے کا اظہار کیا ہے ۔ اللہ تعالیٰ ان کے اخلاص کو قبول کرے اور مقبول خدمتِ دین کی توفیق دے۔

جماعت Radevormwald میں ہر ہفتہ محترمہ عائشہ سلمٰی صاحبہ جرمن احمدی خواتین اور بچیوں کے ساتھ تربیتی کلاس کا انعقاد کرتی ہیں جس میں قرآن اور نماز سکھائی جاتی ہے۔

16 مئی کو بیت النصر کولون میں جرمن ڈیسک کے تحت جرمن احمدیوں کی میٹنگ ہوئی جس میں 8 جرمن احمدی شامل ہوئے۔ قرآن وحدیث کے علاوہ ایک مذاکرہ بھی ہوا جس میں اہم امور زیر بحث لائے گئے۔

☆ ریجن Rhein-Mosel

جماعت Montabaur کے ایک مخلص البانین احمدی مراد عثمانی صاحب ایک پُرجوش داعی الی اللہ ہیں اور بڑی محنت سے تبلیغ اور تربیت کے فرائض کو سرانجام دیتے رہتے ہیں اور البانین احباب سے ذاتی طور پر مستقل رابطہ رکھتے ہیں۔

جماعت Wittlich ایک قابل ذکر جماعت ہے۔ جہاں نہ صرف سو مساجد سکیم کی پہلی مسجد بن رہی ہے بلکہ یہاں نہایت مخلص جرمن احمدی موجود ہیں اس جماعت میں سات جرمن احمدی ہیں جو سارے کے سارے ماشاء اللہ چندہ دہندہ ہیں مکرم طاہر ظفر صاحب اور اُن کی اہلیہ ذاتی طور پر سب سے رابطہ رکھے ہوئے ہیں اور ہر ہفتہ کسی نہ کسی جرمن احمدی کو اپنے گھر دعوت دے کر اسلام کے بارے میں معلومات بہم پہنچاتے ہیں۔

☆ ریجن Schleswig-Mecklenburg کی ایک جماعت Stade میں روزانہ تعلیم القرآن کلاس کا انعقاد جاری ہے جس میں قریباً 15 البانین احمدی شریک ہوتے ہیں۔

☆ ریجن Pfalz میں نومبائعین کے ساتھ اچھا رابطہ ہے اُن کو نماز اور قرآن سکھایا جاتا ہے اور البانین زبان میں وڈیو کیسٹ دکھائی جاتی ہے۔ اجتماع مجلس خدام الاحمدیہ کے موقع پر اس ریجن سے بھی البانین احباب نے شمولیت کی۔ ریجنل سطح پر ایک تربیتی کلاس بھی منعقد کی گئی جس میں جماعتی تعارف پر مبنی ایک وڈیو کیسٹ دکھائی گئی۔

☆ Hamburg-City میں نواحمدیوں کو قاعدہ یسرنا القرآن پڑھایا جاتا ہے جس میں 60 افراد حاضر ہوتے ہیں۔ اسی طرح نماز جمعہ میں بھی نومبائعین شامل ہوتے ہیں۔

☆ ریجن Bayern کی ایک جماعت München نے نواحمدی البانین کے ساتھ مجلس سوال وجواب منعقد کی جس میں مکرم ڈاکٹر محمد زکریا خان صاحب نے اُن کے سوالات کے جوابات دیئے۔

☆ ریجن Hessen-Thüringen کی ایک جماعت Neuhof-Ost نے ڈاکٹر محمد زکریا خان صاحب کے ساتھ نواحمدی البانین کی سوال وجواب کی مجلس منعقد کی جس میں 30 البانین احمدیوں نے شرکت کی۔

فرینکفرٹ سٹی میں تین جرمن نومبائعین سے رابطہ ہے جو جماعتی اجلاس اور جمعہ میں شریک ہوتے ہیں۔ اسی طرح البانین اور افغانی نومبائعین سے انفرادی روابط بھی ہیں۔

☆ ریجن Hessen-Süd کی جماعت Darmstadt میں 7 البانین نواحمدی نماز جمعہ میں باقاعدہ شامل ہوتے ہیں۔

اس کے علاوہ بھی بعض جماعتوں میں اس سلسلہ میں کام ہوا مگر شعبہ تربیت نومبائعین کو اس کی رپورٹ نہیں ملی۔ اللہ تعالیٰ اس سلسلہ میں خدمات بجالانے والے تمام کارکنان کو دین و دنیا کی حسنات سے نوازے اور اس میدان میں مزید قدم بڑھانے کی سعادت عطا فرماتا رہے۔ آمین۔

(رپورٹ:۔ محمد انیس، شعبہ تربیت نومبائعین)

## جماعت احمدیہ Wernau کی تبلیغی کاوشوں کا مختصر تذکرہ

**عرب، البانین اور ترک افراد کے ساتھ نشستوں کا انعقاد، بیسیوں افراد کا قبول احمدیت**

جماعت احمدیہ ورناؤ کے زیر انتظام 15 مئی کو ایک تبلیغی سٹال لگایا گیا جس میں 5 دوستوں نے ڈیوٹی دی اور جرمن، ترک، بوسنین اور البانین افراد نے 42 کی تعداد میں لٹریچر حاصل کیا۔ لجنہ نے بھی ایک تبلیغی سٹال 19 مئی کو لگایا جس میں 5 ممبرات لجنہ نے صبح 9 بجے سے شام 2 بجے تک ڈیوٹی دی۔ لجنہ کی مدد کے لئے 2 انصار بھائی بھی وقتاً فوقتاً سٹال کا دورہ کرتے رہے اور سٹال لگوانے اور بند کروانے میں ان کی مدد کی۔

29 مئی کو عربی بولنے والے افراد کے ساتھ ایک تبلیغی نشست ہوئی جس میں 9 دوست شامل ہوئے۔ اس غرض کے لئے فرینکفرٹ سے ایک عربی معلم تشریف لائے۔ 3 گھنٹہ تک جاری رہنے والی اس نشست میں مہمان دوستوں نے احمدیت کے بارہ میں کثرت سے سوالات کئے جن کے جوابات تفصیل سے دیئے گئے ۔ اختتام پر مہمانوں کی خدمت میں ریفریشمنٹ پیش کی گئی۔ 30 مئی کو ایک البانین میٹنگ کا انعقاد کیا گیا جس میں 14 دوست شامل ہوئے۔ مجلس سوال وجواب کے بعد 10 دوستوں نے بیعت کا شرف حاصل کیا۔ اختتام پر کافی اور کیک وغیرہ سے مہمانوں کی تواضع کی گئی۔

مکرم ڈاکٹر محمد زکریا خان صاحب کے ریجن ورٹم برگ کے دورہ کے دوران کی جانے والی نشست میں 23 البانین دوستوں نے بیعت کا شرف حاصل کیا تھا۔

23 جون کو ترک کردوں کے ساتھ ایک میٹنگ کا اہتمام کیا گیا جس میں مکرم منیر احمد صاحب منور مبلغ سلسلہ تشریف لائے۔ اس میٹنگ میں 15 کرد دوستوں نے حصہ لیا۔ تقریباً ساڑھے تین گھنٹے جاری رہنے والی اس نشست میں 15 مہمانوں نے شمولیت کی اور احمدیت کا تعارف حاصل کیا۔ نشست کے اختتام پر مہمانوں کی تواضع چائے وغیرہ سے کی گئی۔

25 جون کو اللہ کے فضل سے سیرالون کے دوستوں کے ساتھ ایک نشست کا انتظام کیا گیا۔ جس میں مربی سلسلہ مکرم منیر احمد صاحب منور نے تشریف لاکر انگریزی زبان میں پیغام حق پہنچایا۔ قریباً تین گھنٹے تک جاری رہنے والی اس دلچسپ نشست کے اختتام پر 23 دوستوں نے بیعت کرکے سلسلہ عالیہ احمدیہ میں شمولیت کی سعادت حاصل کی۔ اَللّٰھُمَّ زِدْ وَبَارِكْ وَ ثَبِّتْ اَقْدَامَھُمْ. اس کے بعد چائے وغیرہ سے تواضع کی گئی۔

اس سلسلہ میں مکرم افتخار احمد صاحب سیکرٹری تبلیغ ریجن ورٹم برگ نے بھی ہماری ہر طرح مدد فرمائی۔ اسی طرح مقامی طور پر مکرم ادریس احمد صاحب وحید نے دن رات محنت کرکے اور ان کے ساتھ مکرم شریف احمد صاحب گھمن سیکرٹری تبلیغ مقامی اور مکرم طاہر احمد بھٹی صاحب قائد مجلس اور لجنہ اماء اللہ مقامی نے بھرپور تعاون کیا اور ان نشستوں کی کامیابی میں اہم کردار ادا کیا۔ اللہ تعالیٰ ان سب کی خدمات کو قبول فرمائے اور بہترین جزا عطا فرمائے نیز جن دوستوں کے پاس کاریں تھیں انہوں نے سب مہمانوں کو لانے اور واپس پہنچانے میں بھرپور تعاون کیا۔ ان کے شکریہ کے ساتھ ان سب کے لئے دعا کی درخواست ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں بھی جزائے حسنہ سے نوازے۔ آمین۔

(رپورٹ:۔ محمد انعام بٹ، صدر جماعت Wernau)

## سالِ رواں کے آغاز میں ریجن بادن کی تبلیغی مساعی کا تذکرہ

**مختلف جماعتوں کی کوششوں سے اللہ تعالیٰ نے متعدد افراد کو قبول احمدیت کی سعادت عطا فرمائی**

تبلیغی میدان میں اور تربیتی میدان میں مولانا منیر احمد صاحب منور کو جب بھی کسی سیکرٹری کی طرف سے اطلاع پہنچے ہمہ وقت تعاون فرماتے ہیں۔ ماہ مارچ میں اور اس سے قبل بھی مکرمی مربی صاحب عرب، ترک، البانین، پاکستانی، عراقی کرد ہوں یا ترکی کرد یہی نہیں بلکہ جرمن افراد کے ساتھ ہونے والی میٹنگز میں بھی بھرپور انداز میں تبلیغ کی ذمہ داریوں کو ادا کرتے ہیں ۔ اسی طرح ہماری بھی راہنمائی فرماتے رہتے ہیں۔ ذیل میں ماہ مارچ میں ہونے والی تبلیغی نشستوں کا ذکر مقصود ہے۔

ریجن بادن کی مختلف جماعتوں میں مختلف اوقات میں نشستیں منعقد کی گئیں جن میں البانین افراد کے ساتھ میٹنگ ہوئی اُن میں سے بہت اچھی ترکی زبان جاننے والے ایک فرد کے ذریعہ ترجمانی کا کام لیتے ہوئے دوسروں تک پیغام احمدیت پہنچایا۔ اس موقعہ پر بعض سعید روحوں کو حلقہ بگوش احمدیت ہونے کی توفیق عطا ہوئی۔ اسی طرح انگریزی جاننے والے ایک ایرانی نوجوان کے ساتھ بھی میٹنگ کی گئی اور اُس نے بھی احمدیت کے پیغام کو قبول کیا۔ (الحمد للہ) مکرمی مولانا صاحب خدا کے فضل سے نہایت عمدہ انداز میں پیغام کا حق ادا کرتے ہیں کہ سننے والا اُس کو قبول کئے بغیر نہیں رہتا۔ اللہ تعالیٰ مربی صاحب موصوف کو اپنی تائید و نصرت سے نوازے اور جزائے حسنہ عطا فرمائے۔ آمین۔

سالِ رواں کے آغاز میں ریجن بادن میں جن اقوام کے افراد کو قبول احمدیت کی توفیق عطا ہوئی ان میں البانین، ایرانی، ترک، پاکستانی، عراقی کرد، عرب شامل ہیں۔ خدا تعالیٰ کے فضل سے تشکیل کردہ ریجنل تبلیغی گروپ میں سے دوران عرصہ مکرمی ملک اعجاز احمد صاحب سیکرٹری تبلیغ Heidelberg اور مکرمی چوہدری مبارک احمد صاحب سیکرٹری تبلیغ Lahr نے بڑی سرگرمی سے تبلیغی کاموں میں حصہ لیا۔ چنانچہ ریجن کی تبلیغی کاوشوں کا خلاصہ پیش خدمت ہے۔

جماعت Karlsruhe میں تین تبلیغی نشستیں منعقد کی گئیں۔ جن میں بفضل تعالیٰ 36 بیعتیں ہوئیں۔ ریجنل تبلیغی گروپ کی دیگر کاوشوں میں بھی کامیابیاں عطا ہوئیں۔

جماعت Lahr میں سات تبلیغی نشستیں منعقد کی گئیں جن میں بفضل تعالیٰ 26 بیعتیں ہوئیں نیز جماعت Heidelberg میں پانچ تبلیغی نشستیں منعقد کی گئیں۔ جس میں بفضل تعالیٰ 22 بیعتیں ہوئیں۔ مذکورہ بالا دونوں جماعتوں میں مقامی سیکرٹریان تبلیغ نہایت سرگرمی سے کام کررہے ہیں۔

جماعت Mosbach میں دو تبلیغی نشستیں ہوئیں اور 8 بیعتیں حاصل ہوئیں۔ اللہ تعالیٰ تمام نومبائعین کو ثباتِ قدم عطا فرمائے اور احباب جماعت کو بڑے خلوص کے ساتھ تربیتی ذمہ داریوں کو کماحقہٗ ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

مندرجہ بالا تبلیغی نشستوں کے انعقاد کے لئے ریجنل شعبہ تبلیغ نے لوکل جماعتوں اور معلمین کے ساتھ مسلسل رابطہ رکھا جس کے نتیجے میں اللہ تعالیٰ نے تمام پروگراموں کو کامیاب فرمایا۔ اللہ تعالیٰ ہماری حقیر کاوشوں کو قبول فرمائے اور برکتوں سے نوازے۔

اس سلسلہ میں جن معلّمین نے اپنے قیمتی وقت کو خدا تعالیٰ کی راہ میں صرف کیا اُن میں مکرمی ایاد عودہ صاحب عرب معلّم، مکرمی مولانا منیر احمد صاحب منور مربی سلسلہ بادن، مکرمی محرم نکا صاحب، مکرمی حمید اختر صاحب، مکرمی بیسم صاحب البانین معلّم خاص طور پر دعا کے مستحق ہیں۔ اس طرح فروری کے مہینہ میں ریجن بادن میں سترہ تبلیغی نشستیں اور تبلیغی دورہ جات کے ذریعہ 97 بیعتیں عطا ہوئیں۔ (فالحمد للہ علیٰ ذلک)

(رپورٹ:۔ شکیل احمد بٹ، سیکرٹری تبلیغ Baden)

**جماعت احمدیہ جرمنی کا جلسہ سالانہ**

انشاء اللہ العزیز 20، 21 اور 22 اگست کو

مئی مارکیٹ من ہائیم (Mai Markt Mannheim) میں منعقد ہوگا۔